# 32واں سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ انٹرلوپ لمیٹڈ (" کمپنی") کا 32واں سالانہ اجلاس عام (AGM) بروز جمعرات 24 اکتوبر، 2024 کو دوپہر 12:00 بجے انٹرلوپ ایگزیکٹیو کلب، انٹرلوپ انڈسٹریل پارک واقع KM-7 کھڑیانوالہ - جڑانوالہ روڈ، کھڑیانوالہ، فیصل آباد منعقد ہوگا جس میں مندرجہ ذیل امور نمٹائے جائیں گے:

| ممبرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ AGM میں ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے شرکت کریں، جس کا کمپنی کی طرف سے انتظام کیا گیا ہے (تفصیلات کے لیے نوٹس سیکشن دیکھئے) |
|---|

## عمومی اُمور:

.1 کمپنی کے 13 اکتوبر، 2023 کو منعقد ہونے والے گزشتہ سالانہ اجلاس عام (AGM) کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

.2 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی وصولی، غور وخوض اور منظوری دینا اور اس کے ساتھ اس بارے میں آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز رپورٹ اور چیئرپرسن کی جائزہ رپورٹ۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 223 کے مطابق اور S.R.O.389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ، 2023 کی رو سے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں مع کمپنی کی رپورٹس تک مندرجہ ذیل ویب لنک اور QR حامل کوڈ کے ذریعے رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

https://investors.interloop-pk.com/financial-reports/


.3 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لیے -/2.50 روپے فی شیئر یعنی 25% حتمی نقد منافع منقسمہ کی تقسیم کا اعلان اور اس کی منظوری دینا، جیسا کہ ڈائریکٹر صاحبان کی طرف سے سفارش کی گئی ہے۔ یہ اُس عبوری نقد منافع منقسمہ کے علاوہ ہے جو 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لیے -/2 روپے فی شیئر کے حساب سے یعنی 20%، پہلے ہی ادا کیا جاچکا ہے۔

.4 مالی سال 25-2024 کے لیے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کا معاوضہ طے کرنا۔ ممبرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کی بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز، میسرز کریسٹن حیدر بھیم جی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس کو دوبارہ کمپنی کے آڈیٹرز کی حیثیت سے مقرر کرنے کی سفارش کی ہے۔

## دیگر امور:

.5 صاحب صدر کی اجازت سے کوئی دوسری کارروائی نمٹانا۔

بحکم بورڈ



(رانا علی رضا)
کمپنی سیکریٹری

بمقام: فیصل آباد
بتاریخ: 02 اکتوبر، 2024

## گزارشات:

### 1. شیئر ٹرانسفر بکس کا بند ہونا:

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 17 اکتوبر، 2024 سے 24 اکتوبر، 2024 (بشمول دونوں دن) تک بند رہیں گی۔ منتقلی کی جو درخواستیں تجویز کردہ فارمیٹ پر 16 اکتوبر، 2024 کو کاروباری اوقات بند ہونے سے پہلے کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 کو موصول ہو جائیں گی، وہ ٹرانسفریز کے مذکورہ بالا اور/یا سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے استحقاق کے لیے بروقت سمجھی جائیں گی۔

### 2. AGM کی کارروائی میں ورچوئل شرکت:

سالانہ اجلاس عام میں ورچوئلی شرکت کے خواہش مند شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ aliraza.rana@interloop.com.pk یا general.meetings@interloop.com.pk پر ای میل کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کر کے خود کو رجسٹرڈ کروائیں۔

| شیئر ہولڈر کا نام | شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی تعداد | رابطہ نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|

آن لائن اجلاس کا لنک اور لاگ اِن کریڈنشلز صرف اُن ممبرز کے ساتھ شیئر کیے جائیں گے جن کے مطلوبہ کوائف پر مشتمل ای میلز بدھ 23 اکتوبر، 2024 کو کاروبار بند ہونے تک دیئے گئے ای میل ایڈریس پر موصول ہو جائیں گی۔

لاگ اِن کی سہولت 24 اکتوبر، 2024 کو صبح 11:30 بجے سے اجلاس شروع ہونے تک کھلی رہے گی۔

### 3. سالانہ رپورٹ 2024 کی الیکٹرانک طریقے سے ترسیل:

کمپنی نے ایکٹ کے سیکشن (6)223 کی تعمیل کرتے ہوئے سالانہ رپورٹ 2024 الیکٹرانک طریقے سے ایسے شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ای میل ارسال کی ہے۔ جن کے ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے پاس موجود ہیں۔ سالانہ رپورٹ کی ڈاؤن لوڈنگ کے لیے ویب لنک اور QR حامل کوڈ شامل کیے جانے کے بعد S.R.O389(I)/2023، مورخہ 21 مارچ، 2023 کے تحت AGM کے پرنٹ شدہ نوٹسز ارسال کیے گئے ہیں۔ 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے مالی حسابات، رپورٹس کے ساتھ کمپنی کی ویب سائیٹ پر بھی ڈال دیئے گئے ہیں۔

https://investors.interloop-pk.com/financial-reports/

تاہم، کمپنی سالانہ رپورٹ کی ہارڈ کاپی کسی بھی ممبر کی درخواست پر ان کے رجسٹرڈ پتے پر ایک ہفتے کے اندر بغیر کسی قیمت کے فراہم کرے گی۔ درخواست مخصوص رضامندی کے خط / فارم پر موصول ہوگی جو کمپنی کی ویب سائیٹ www.interloop-pk.com پر دستیاب ہے

مزید برآں، شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا درست ای میل ایڈریس (درست CNIC کی کاپی کے ساتھ) کمپنی کے شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 پر فراہم کریں، اگر ممبر فزیکل شکل میں شیئرز رکھتے ہیں یا اپنے متعلقہ شرکت کنندہ/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے ساتھ یا اگر شیئرز بک انٹری فارم میں اندراج کی شکل میں رکھے گئے ہیں۔

### 4. پراکسیز مقرر کرنے کی شرائط:

وہ تمام ممبرز جو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے حق دار ہیں، اپنی جانب سے شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے تحریری طور پر کسی دوسرے فرد کو اپنا نمائندہ مقرر کر سکتے ہیں۔ پراکسی کے لیے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری ہے۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع اُس شخص کے دستخط نمونہ، جسے کارپوریٹ ادارے کی طرف سے نمائندگی کرنے اور ووٹ دینے کے لیے مقرر کیا گیا ہے اور سی این آئی سی کی ایک تصدیق شدہ کاپی، مکمل کردہ پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو پیش کی جائے۔ پراکسی ہولڈرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ اجلاس کے وقت اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کریں۔
صحیح طریقے سے مکمل کردہ اور دستخط شدہ پراکسی فارم اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں موصول ہو جائیں۔

### سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے ایس ای سی پی کی طرف سے جاری کردہ رہنما اصول:

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو نیچے درج رہنما اصولوں پر بھی عمل کرنا ہوگا، جیسا کہ اس ضمن میں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے طے کیا گیا ہے۔

#### a) اجلاس میں شرکت کے لیے

i. انفرادی حیثیت کی صورت میں، ایسے اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطوں کے مطابق اپ لوڈ ہیں، وہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنے اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ دکھا کر تصدیق کریں گے۔

ii. سی ڈی سی میں رجسٹرڈ ممبرز سے بھی گزارش ہے کہ وہ اپنے کوائف، آئی ڈی نمبرز اور سی ڈی ایس کے اکاؤنٹ نمبر ساتھ لائیں۔

iii. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں اجلاس کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد فرد کے دستخط نمونہ، پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو پیش کیے جائیں (اگر اس سے پہلے فراہم نہیں کیے گئے)۔

## b) نمائندوں کی تقرری کے لیے:

i. انفرادی حیثیت کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطوں کے مطابق اپ لوڈ ڈ ہیں، مذکورہ بالا تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم پیش کریں گے۔

ii. اصل مالکان اور پراکسی کے کارآمد CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائیں گی۔

iii. پراکسی، اجلاس کے وقت اصل کارآمد CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا۔

iv. کاروباری ادارے کی صورت میں اجلاس کے موقع پر پراکسی فارم کے ہمراہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختارنامہ، مع نمائندے کے دستخط کے نمونے کمپنی کو پیش کرنا ہوں گے (اگر اس سے پہلے پیش نہیں کیے گئے)۔

v. پراکسی فارم کی گواہی دو افراد دیں گے، جن کے نام، پتے اور کارآمد CNIC نمبرز فارم پر درج ہوں گے۔

## 5. الیکٹرانک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ:

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 242 کے مطابق تمام لسٹیڈ کمپنیوں کے لیے لازمی ہے کہ وہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو نقد منافع منقسمہ الیکٹرانک طریقے سے اہل شیئر ہولڈرز کے مقرر کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہ راست ادا کریں۔

فزیکل شیئرز کی صورت میں، اپنا نقد منافع منقسمہ براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں وصول کرنے کے لیے ممبرز سے گزارش ہے کہ وہ الیکٹرانک کریڈٹ آف کیش ڈیویڈنڈ کے لیے ڈیویڈنڈ بینک مینڈیٹ فارم (اگر پہلے فراہم نہیں کیا گیا) پُر کریں جو کمپنی کی ویب سائیٹ www.interloop-pk.com پر دستیاب ہے اور اس پر صحیح طریقے سے دستخط کر کے کارآمد سی این آئی سی کی کاپی کے ساتھ شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو بھیج دیں۔ اگر شیئرز سی ڈی سی میں ہیں تو الیکٹرانک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم لازمی طور پر براہ راست شیئر ہولڈرز کے بروکرز / شراکتی / سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز کو پیش کیے جائیں۔

مذکورہ بالا معلومات / فارم کی عدم وصولی کی صورت میں کمپنی شیئر ہولڈرز کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگی۔ ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق، ایسے شیئر ہولڈرز کے ڈیویڈنڈ روکے جا سکتے ہیں جن کے کارآمد سی این آئی سی شیئر رجسٹرار کے پاس موجود نہیں ہیں۔ لہٰذا، فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے تمام شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ اگر وہ پہلے فراہم نہیں کر چکے تو اپنے کارآمد سی این آئی سی کی فوٹو کاپی، کسی تاخیر کے بغیر فوری طور پر شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو پیش کریں۔

## 6. انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 ("انکم ٹیکس آرڈیننس") کے سیکشن 150 کے تحت منافع منقسمہ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی:

گوشوارے جمع کروانے اور گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کے لیے ود ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی شرحیں، جیسا کہ انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 150 میں تجویز کیا گیا ہے، مندرجہ ذیل ہیں:

- انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کے لیے 15.00%
- انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کے لیے 30.00%

## جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کی صورت میں منافع منقسمہ پر ود ہولڈنگ ٹیکس:

جن ممبرز کی فائلرز اور نان فائلرز کے پاس جوائنٹ شیئر ہولڈنگ ہے ان کے ساتھ الگ الگ برتاؤ کیا جائے گا اور اس قسم کی مخصوص صورت حال میں ہر اکاؤنٹ ہولڈر کو فائلر یا نان فائلر باور کیا جائے گا اور اس کی شیئر ہولڈنگ کے مطابق ٹیکس منہا کیا جائے گا۔

اگر شیئرز کے بارے میں پتہ چلانا ممکن نہ ہو تو پھر ہر اکاؤنٹ ہولڈر کے بارے میں یہ سمجھا جائے گا کہ ان کے پاس شیئرز کا مساوی حصہ ہے اور اسی لحاظ سے کٹوتی کی جائے گی۔ لہٰذا، زیادہ شرح سے ٹیکس کی کٹوتی سے بچنے کے لیے جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ سالانہ اجلاس عام کی تاریخ تک اپنی شیئر ہولڈنگ کی مندرجہ تفصیلات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کر دیں۔

| فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی کل تعداد | بڑے شیئر ہولڈر کا نام اور شناختی کارڈ نمبر | شیئر ہولڈنگ تناسب (شیئر کی تعداد) | جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے نام اور شناختی کارڈ نمبر | شیئر ہولڈنگ تناسب (شیئر کی تعداد) |
|---|---|---|---|---|---|

## ودہولڈنگ ٹیکس سے استثناء کے لیے کارآمد ٹیکس استثناء سرٹیفکیٹ:

انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 150 کے تحت ودہولڈنگ ٹیکس سے استثناء کے لیے کارآمد ٹیکس استثناء سرٹیفکیٹ ضروری ہے۔ جو ممبرز انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکنڈ شیڈول کے پارٹ IV کی شق 47B کے تحت کوالیفائی کرتے ہیں اور استثناء حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں وہ کھاتے کی بندش کی تاریخ سے قبل ٹیکس سے استثناء کے اپنے کارآمد سرٹیفکیٹ کی کاپی شیئر رجسٹرار کو لازمی فراہم کریں ورنہ قابل اطلاق قانون کے مطابق ٹیکس منہا کیا جائے گا۔

## 7. کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 244 کے تحت غیر دعویدار منافع منقسمہ / شیئرز:

کمپنی کے غیر دعویدار منافع منقسمہ / شیئرز کی updated فہرست کمپنی کی ویب سائیٹ www.interloop-pk.com پر دستیاب ہے۔ یہ غیر دعویدار ڈیویڈنڈ / شیئرز ہیں جو اُس تاریخ سے جب یہ واجب اور قابل ادائیگی تھے، تین (3) سال سے غیر دعویدار اور غیر اداشدہ چلے آرہے ہیں۔

شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ غیر دعویدار ڈیویڈنڈ اور شیئرز کے لیے ان کے دعوے بروقت داخل ہوں۔ جو شیئر ہولڈرز کسی وجہ سے اپنا ڈیویڈنڈ، اگر کوئی ہے، دعویٰ نہیں کر سکے انھیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 سے رابطہ کریں اور اپنے غیر ڈیویڈنڈ دعویٰ، اگر کوئی ہو، وصول کریں/اس کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔ اگر کوئی دعویٰ دائر نہیں کیا جائے گا تو کمپنی اسے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (2)244 کے مطابق وفاقی حکومت کے پاس جمع کروانے کی کارروائی کرے گی۔

## 8. ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے لیے رضامندی:

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (2)132 اور سیکشن (b)134 کے مطابق اگر کمپنی کو کسی جغرافیائی مقام پر رہنے والے ایسے شیئر ہولڈرز کی طرف سے اجلاس سے کم از کم سات (7) دن پہلے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لیے رضامندی کا فارم موصول ہوتو جن کے پاس مجموعی طور پر 10% یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ ہے، کمپنی اُس شہر میں ویڈیو کانفرنس سہولت کا انتظام کرے گی بشرطیکہ اس شہر میں اس قسم کی سہولت موجود ہو۔ برائے کرم اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر کو مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں:

میں/ہم ________________ جن کا تعلق ________________ سے ہے، انٹرلوپ لمیٹڈ کا ممبر ہونے کے ناتے جو ________________
آرڈینری شیئر (شیئرز) کے مالک ہیں بمطابق رجسٹرڈ فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ________________ بمقام ________________ ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

________________

دستخط ممبرز

## 9. زکوٰۃ سے استثناء کا حلف نامہ:

زکوٰۃ کی لازمی کٹوتی سے استثناء کے دعوے کے لیے شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ مناسب قدر کے نان جوڈیشل اسٹامپ پیپر پر زکوٰۃ ڈیکلریشن فارم "CZ-50" کی ایک نوٹرائزڈ کاپی، شیئر ٹرانسفر بکس بند ہونے سے پہلے کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے پاس جمع کروائیں۔ اگر شیئرز scripless شکل میں ہیں تو یہ زکوٰۃ ڈیکلریشن فارم (CZ-50) شراکتی/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے ذریعے شیئر ہولڈر کے سی ڈی سی اکاؤنٹ میں اپ لوڈ ڈ ہو۔

مزید برآں، غیر مسلم شیئر ہولڈرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس سولن اقرار جمع کروائیں، اگر ان کے شیئرز فزیکل سرٹیفکیٹس میں یا سی ڈی سی شراکتی/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز میں scripless form میں ہیں۔ اگر ہر لحاظ سے مکمل مذکورہ بالا دستاویزات فراہم نہیں کی جائیں گی تو زکوٰۃ کی کٹوتی سے کسی استثناء کی اجازت نہیں ہوگی۔ علاوہ ازیں، شیئر ہولڈرز سے یہ گزارش بھی ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتے میں کسی تبدیلی سے فوری طور پر آگاہ کریں۔